| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

**سبق کا نام: میرا خاندان اور میرے دوست**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنے خاندان کے افراد کو پہچان سکیں (والدین، بہن، بھائی، دادا، دادی، نانا، نانی، چچا، چچی، ماموں اور ممانی، کزن وغیرہ) کو پہچان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو خاندان کا مطلب بتائیں کہ ہمارے گھر میں امی جان، ابّو جان، بہن، بھائی یہ سب ہمارا خاندان ہیں۔ ہم ان سب کے ساتھ مل جُل کر رہتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 14 کھولنے کی ہدایت دیں اور بتائیں آج ہم حسن کے خاندان کے بارے میں پڑھیں گے اور اس صفحے پر موجود متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- صفحہ نمبر 14 پر بنی تصویر پر انگلی رکھتے ہوئے پڑھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| امی جان | ابّو جان | دادا جان | دادی جان | نادیہ | حسن |

- طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں حسن اپنے خاندان کے افراد کا تعارف کروا رہا ہے۔
- حسن کے ابّو جان ڈاکٹر ہیں جبکہ اس کی امی جان گھر سنبھالتی ہیں۔ اس کے دادا جان، حسن اور نادیہ کو قرآن مجید پڑھاتے ہیں اور دادی جان کہانیاں سناتی ہیں۔
- طلبہ کو حسن کے خاندان کے افراد کی گنتی کروائیں۔
- انھیں بتائیں خاندان کے تمام افراد مل جُل کر رہتے ہیں اور ایک دوسرے سے پیار کرتے ہیں۔

- طلبہ سے ان کے گھر کے افراد کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مزے دار | مزے۔دار | ذائقے والا |
| سنبھالنا | سم۔بھال۔نا | انتظام ہاتھ میں لینا |
| دل چسپ | دِل۔چَسپ | دل لُبھانے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: آپ کے خاندان میں کتنے افراد ہیں؟ آپ کے والدین کا کیا نام ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ کو اپنے خاندان کی تصویر لانے کو کہیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے خاندان کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کریں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 7 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا خاندان اور میرے دوست

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنے خاندان کے افراد کو پہچان سکیں (والدین بہن، بھائی، دادا، دادی، نانا، نانی، چچا، چچی، ماموں اور ممانی، کزن وغیرہ) کو پہچان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں ان کے خاندان میں کتنے افراد ہیں؟ طلبہ سے کہیں کہ آج وہ اپنے خاندان کا تعارف کروانا سیکھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 15 کی سطریں میرے چچا جان۔۔۔۔ اور نانی جان کے گھر جاتے ہیں" پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اپنے خاندان کا تعارف اس طرح سے کروائیں گے۔

۱۔ میرا نام ___________ ہے۔

۲۔ میرے خاندان میں ___________ افراد ہیں۔

۳۔ میری امی جان کا نام ___________ ہے۔

۴۔ میرے ابّو جان کا نام ___________ ہے۔

۵۔ میرے ___________ بھائی اور ___________ بہن ہیں۔

۶۔ میرے بھائی کا نام ___________ اور بہن کا نام ___________ ہے۔

۷۔ میرے دادا جان کا نام ___________ ہے۔

۸۔ میری دادی جان کا نام ___________ ہے۔

- طلبہ کو بولنے کا بھرپور موقع دیں تا کہ وہ اپنے خاندان کے افراد کے بارے میں بات چیت کر سکیں۔
- انھیں بتائیں خاندان کے سر براہ امی اور ابّو ہوتے ہیں۔
- متن کی مدد سے مزید افراد (چچا، چچی اور نانا، نانی) کے بارے میں گفتگو کریں۔
- تختہ تحریر پر خاندان کے چارٹ کا ماڈل بنائیں اور طلبہ کو خاندان کے مختلف افراد کے بارے میں وضاحت کریں۔
- انھیں تاکید کریں کہ ہمیں اپنے بڑوں کا ادب کرنا چاہیے اور ان سے احترام کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ اس کے علاوہ اپنے سے چھوٹوں سے پیار کرنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حصّہ | حص۔ صہ | ٹکڑا |
| خاندان | خان۔ دان | گھرانا۔ کُنبہ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے کتاب پر سر گرمی (۳) مکمل کروائیں انھیں ہدایت دیں کہ وہ اپنے خاندان کے افراد کی تصویر کو متعلقہ جگہ پر چسپاں کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

آپ اپنے نانا، نانی کے گھر کب جاتے ہیں؟ اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا خاندان اور میرے دوست |
|---|---|---|

سوال 1:   درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

ا۔   آپ کے گھر میں کتنے افراد موجود ہیں؟

________________________________________

________________________________________

۲۔   کیا آپ اپنے بڑوں کی عزت کرتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

۳۔   آپ اپنے چھوٹوں سے کس طرح پیش آتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ 7 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا خاندان اور میرے دوست

### حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے چند دوستوں کی خاص عادات بیان کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو اچّھی عادتوں کا مطلب بتائیں۔ ان سے ان کے دوستوں کے نام پوچھیں نیز ان کے دوست انھیں کیوں پسند ہیں؟ انھیں بتائیں آج ہم اپنے دوستوں کی خاص عادات کو بیان کرنا سیکھیں گے۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 15 کی سطریں "ماموں اور ممانی کے بچّے۔۔۔اور دوستوں کی بہت عزّت کرتا ہوں" پڑھائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- متن کی مدد سے دوستوں کی خوبیوں کو واضح کریں انھیں بتائیں حسن اور اس کے دوست اکٹھے اسکول جاتے ہیں، وہ ہمیشہ سچ بولتے ہیں اور لڑائی جھگڑا نہیں کرتے۔
- طلبہ سے اپنے کسی دوست کا ذکر کریں اور اس کی خوبیوں کے بارے میں بتائیں جیسے:
  - میرا دوست بہت اچھا ہے۔
  - وہ ہمیشہ سچ بولتا ہے۔
  - ہر مشکل میں میری مدد کرتا ہے۔
- طلبہ سے ان کے دوستوں کی خاص خوبیوں کے بارے میں پوچھیں کہ:
  - آپ کے بہترین دوست کا کیا نام ہے؟

- اپنے دوست کی خاص خوبی بتائیں۔
- جماعت میں موجود تمام طلبہ سے گفتگو کریں اور سب کو بولنے کا موقع دیں اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| جھگڑا | جھگ۔ڑا | تکرار |
| عزّت | عز۔زَت | آبرو |
| خیال | خَ۔یال | دھیان |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

سرگرمی (ا) کے سوالات کے جواب طلبہ سے پوچھیں اور کاپی میں لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ اپنے دوست کی دو خوبیاں اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔


**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا خاندان اور میرے دوست |
|---|---|---|

**سوال نمبر1: اپنے دوست کے بارے میں لکھیں اور خاکے میں رنگ بھریں۔**

میرے دوست کا نام ہے۔ ..........

اس کا پسندیدہ رنگ ہے۔ ..........



اس کا پسندیدہ پھل ہے۔ ..........

اس کا پسندیدہ کھیل ہے۔ ..........